PAK-QATAR ASSET MANAGEMENT

پاک قطر ایسیٹ مینیجمنٹ

# شرعی تصدیق

## پاک قطر ایسیٹ ایلوکیشن فنڈ

پاک قطر ایسیٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ اپنی سرمایہ کاری سے متعلق معاملات وکالۃ الاستثمار (Investment Agency) کے اصولوں کے تحت انجام دیتی ہے، جس میں کمپنی بطور وکیل (Agent) کام کرتی ہے جبکہ سرمایہ کار موکل (Principals) ہوتے ہیں۔ کمپنی اپنی فراہم کردہ سرمایہ کاری کی خدمات کے عوض وکالہ فیس (IMC) وصول کرتی ہے۔

ان ہی اصولوں کے تحت کمپنی **پاک قطر ایسیٹ ایلوکیشن فنڈ** کا انتظام سنبھالتی ہے، جو سندھ ٹرسٹ ایکٹ 2020 کے تحت تشکیل دیا گیا ہے۔ اس فنڈ کے تحت مندرجہ ذیل تین پلان ہیں :

1. **پاک قطر ایسیٹ ایلوکیشن پلان IA**
2. **پاک قطر ایسیٹ ایلوکیشن پلان IIA**
3. **پاک قطر ایسیٹ ایلوکیشن پلان IIIA**

اس ضمن میں یہ تصدیق کی جاتی ہے کہ مذکورہ فنڈ کے تمام امور بشمول اس کی دستاویزات، سرمایہ کاری، اور متعلقہ انتظامی معاملات مکمل طور پر شرعی اصولوں کے مطابق ترتیب دیے گئے ہیں. مزید یہ کہ فنڈ اور اس کی تمام سرگرمیاں شریعہ ایڈوائزر کی مسلسل نگرانی اور جائزے میں رہتی ہیں، جو اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ فنڈ کے تمام معاملات، سرمایہ کاریاں، اور لین دین مستقل طور پر شرعی ہدایات و اصولوں کے مطابق رہیں۔

مفتی محمد شاکر صدیقی

شریعہ ایڈوائزر

Version: PQAMCL-SC-PQAAF-U-061125

**PAK-QATAR ASSET MANAGEMENT COMPANY LIMITED**

Suite # G8 - G9, Business Arcade, Block 6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi-75400.

UAN:111-PQMACL (772-625) | E-mail: info@pqamcl.com | Web: www.pqamcl.com

AM2

Rated by PACRA with Positive outlook